19/03/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کا بلیٹن لےکر مینبلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

ملک کے دفاعی سیکٹر کا اہم ستون// وزیر دفاع راجناتھ سنگھMSMEs........*

*........ جمونو کشمیر میں ثقافتی ورثے کا مرکز بننے کی گنجائش موجود// جموں میں نورے کی تقریب پر ایل جی منوج سنہا کا اظہار خیال

*........ سرینگر میں کئی عوامی وفود وزیر اعلیٰ سے ملاقاتی۔

اور

*........ 21 مارچ کے بعد موسم میں تبدیلی آنے کی محکمہ موسمیات کی پیش گوئی ۔

راجناتھ سنگھ

ملک کے دفاعی مینوفیکچرنگ MSMEs وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ سیکٹر کے ایک اہم ستون کے طور پر اُبھر رہی ہیں۔ نئی دلی میں دفاعی صنعتوں سے خطاب کر تے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کہا کہ Conclaveسے متعلق قومی کاروباری افراد، اسٹارٹ اپس اور جدت طرازی بھارت کی ٹیکنالوجی کی صلاحیتوں کو بڑھانے میں اہم کر دار ادا کر رہے ہیں، جن سے قومی معیشت کو خاطر خواہ فائدہ پہنچ رہا ہے۔

نو راتری

آج سے نو روزہ ، نوراتروں کا آغاز ہوا ۔ نو راترہ کے سلسلے میں مندروں خاص طور سے کٹرہ میں شری ماتا ویشنو دیوی استھا پن پر کافی تعداد میں شردھالوؤ حاضری دیتے ہیں اور دیگر مندروں میں بھی خصوصی پوجا پاٹ کا اہتمام کیا جاتا ہے ۔

کشمیری پنڈت برادری آج کے دن کو Navreh کے طور پر مناتے ہیناور وہ سرینگر کے حول علاقے میں واقع ہاری پربت پر شاریکا دیوی مندر میں حاضری دیتے ہیں۔

نورےLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں سے تاکید کی ہے کہ وہ اپنی ثقافت اور بیش قیمت روایات کے ساتھ جڑے رہیں۔ جموں میں کشمیری پنڈت سبھا امپھلا کے اہتمام سے نورے کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب پر اظہار خیال کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ جموں کشمیر کا مستقبل کا فی تابناک ہو گا اور اس خطے میں ثقافتی ورثے کا مرکز بننے کی گنجائش موجود ہے۔

-----LG---

اس موقعے پر ایل جی نے ماں شاریکا دیوی کے تئیں اپنی عقیدت کا اظہار کیا ۔ انہوںنے پدم شری ایوارڈ یافتہ  برج لال بٹ کی عزت افزائی بھی کی۔

اس سے قبل لیفٹنٹ گورنرنے آج Chaitra Navratri کے موقعے پر کٹرہ میں شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن پر حاضری دی ۔ انہوں نے عالمِ انسانیت کی ترقی و خوشحالی اور امن کے لئے خصوصی پرارتھنا کی۔

مبارک باد-1

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن ، وزیر اعظم نریندر مودی کے علاوہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے Navreh ،Shukladi Chaitra ،Ugadi ،Gudi Padwa اور Cheti Chand کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے مبارکبادی کے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ یہ تہوار نئے برس کی شروعات کے ساتھ ساتھ لوگوں میں امید اور اعتماد کی نئی کرن پیدا کر تے ہیں۔

نوراتری کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی Chaitraوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ہے۔ انہوننے کہا کہ نوراتری نئے سال کی شروعات کے ساتھ ساتھ سچ کی جیت کی عکاسی کر تا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری، کا بینی وزراءستیش شرما، جا وید احمد رانا، سکینہ ایتو اور جا وید احمد ڈار نے بھی نوراترا کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

مبارک باد-2

صدر محبوبہ مفتی نے بھی PDP نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور اور نو راترہ کے موقعے مبارکباد دیتے ہوئے ان کیلئے نیک Navreh لوگوں کو خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے نو راترہ کے موقعے پرلوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔

کشمیروی کے بردی اور جموں کشمیر پولیس IGPڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات، کے تمام افسروں نے پولیس شہیدوں کے کنبوں اور جموں کشمیر کے عوام کو نو راترہ اور عیدا لفطر کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے بھی ان تہواروں کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

عمر

سرینگر میں آج وادی کے مختلف علاقوں سے آئے کئی عوامی وفود اور افراد نے وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کر کے مختلف نوعیت کے معاملات پر اُن کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی سرکار جمونو کشمیر کے سبھی خطوں کی یکساں ترقی اور لوگوں کی راحت رسانی کےلئے کام کر رہی ہے۔

رمضان

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ اب ہم سے رخصت ہو رہا ہے۔ اس مہینے کے دوران مسلمان روزے رکھنے کے علاوہ کثرت سے نفلی عبادات کرتے ہیں اور مہینے کے آخر پر صدقہ فطر ادا کیا جاتا ہے۔ یہ صدقہ نما ز عید سے پہلے ادا کرنا لازم ہے۔

صدقہ فطر کی اہمیت اور فلسفے کے بارے میں جب ہم نے عالم دین مولانا عمر عطاری کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

------UMAR ATARI-----

عید نماز -1

آج رمضان المبارک کی 29تاریخ ہے۔ عیدا لفطر کل یعنی 20مارچ جمعتہ المبارک یا 21 مارچ سنیچر وار کو ہوگی جس کی تصدیق آج شام کے بعد ماہِ شوال کا چاند نظر آنے یا نہ آنے کی اطلاع موصول ہونے کے بعد ہوگی۔

اس دوران جموں کشمیر وقف بورڈ نے وقف کے زیر انتظا م بقہ جات، خانقاہوں اور مساجد میں عید نماز کیلئے اوقات کی فہرست جاری کی ہے۔ جس کے مطابق آثار شریف دگارہ حضرتبل میں نماز عید صبح ساڑھے دس بجے ادا کی جائے گی . وقف بورڈ نے کہا ہے کہ آثار شریف میں کل نماز جمعہ دوپہر اڑھائی بجے ادا کی جائے گی .

بورڈ کی جانب سے جاری فہرست کے مطابق آثار شریف جناب صاحب صورہ ،زیارت مخدوم صاحب سرینگر اور مسجد علمدار ِکشمیرچرار شریف میں صبح 10بجے نماز عید ادا کی جائے گی۔

عید نماز -2

اسی طرح زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب خانیار سرینگر، زیارت حضرت میر سید یعقوب صاحب سونہ وار سرینگر ، آثار شریف کعبہ مرگ ، مرکزی عید گاہ جنگلات منڈی اننت نا گ، مرکزی عید گاہ اونتی پورہ پلوامہ اور مسجد جامع با با حنیف الدین ریشی رٹھسن بیروہ میں صبح ساڑھے9بجے، خانقاہ معلی سرینگر میں صبح11بجے، آثار شریف شہری کلاشپورہ ، عالی مسجد عید گاہ سرینگر اور آثار

شریف پیٹھ مکہامہ بیروہ ،قدیم جامع مسجد کِرمشورہ بڈگام میں صبح 9بجے ، جبکہ مسجد شریف حضرت سید محمد جانباز ولی رفاعی بارہمولہ میں نماز عید صبح سوا9بجے ادا کی جائے گی۔ جامع مسجد حنفیہ ناجن بیروہ میں نماز عید صبح ساڑھے آٹھ بجے ادا ہوگی ۔

درخشاں

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج آثار شریف درگاہ حضرت بل پر حاضری دے کر وہاں نماز عید کی ادائیگی کےلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے جمونو کشمیر کے عوام کو عید کی پیشگی مبارکباد دی ہے۔

عید

عید الفطر کی آمد کے موقعہ پر سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات اور دیگر کئی افراد نے لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ وادی کے ایک شاعر ممتاز مجید نے عید کی مبارک باد کے سلسلے میں کچھ اشعار لکھے ہیں جن کو نامور گلو کار اسد انجم نے اپنی آواز دی ہے ۔ پیش ہیں یہ اشعار اور کچھ شخصیات کے عید پیغامات ۔

------Package-----

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن کر سکتے ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

----ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

روح اللہ

نیشنل کانفرنس سے وابستہ پارلیمنٹ ممبر آغا سید روح اللہ مہدی نے جنوبی کشمیر میں ریلوے کی توسیع کے پروجیکٹ کو منسوخ کرنے کیلئے ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو کا شکریہ ادا کیا ہے۔ لوک سبھا میں ریلوے وزارت کے مطالبات زر پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے
ا

---

نہوں نے کہا کہ اس منصوبے کو عملانے سے وادی کی میوہ صنعت کیلئے خطرات ± پیدا ہونے کا امکان تھا۔

آغا روح اللہ نے سرینگر - کٹرہ ریل سروس میں بہتری اور اس ریل لنک کی مختلف توسیع کا مطالبہ کیا۔

------RUHULLAH-----

ساگر

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار کی یقین دہانیوں کے با وجود جموں کشمیر کا ریاستی درجہ ابھی تک بحال نہیں کیا گیا ہے جس کے نتیجے میں بقول ان کے لوگوں میں بے چینی پائی جا رہی ہے ۔ وہ آج سرینگر میں پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے ۔

دریں اثناءعلی محمد ساگر نے عید الفطر کی آمد کے پیش نظر عوام کے لئے تمام سہولیات دستیاب رکھنے کی انتظامیہ سے تاکید کی ہے ۔

گورو گپتا

بی جے پی جموںو کشمیر کے ترجمان اور بین الاقوامی معاملات کے کنوینر گورو گپتا نے کہا ہے کہ بھارت نے مختلف محاذوں پر ترقی درج کر کے عالمی منظر نامے میں اپنی منفرد پہچان بنائی ہے۔

سائبر

CIKسائبر جرائم کے خلاف ایک بڑی کاروائی کرتے ہوئے کاونٹر انٹیلی جنس کشمیر نے سائبر فراڈ کے ایک بڑے بین الاقوامی نیٹ ورک کو بے نقاب کرتے ہوئے سرینگر میں سات ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی ہے ۔ اس سلسلے میں کچھ شکایات ملنے کے بعد CIK نے کشمیر خطے میں کئی مقامات پر چھاپے مارے جس دوران 13 موبائل فون ، 9 لیپ ٹاپ اور کئی سِم کارڈس کے علاوہ کچھ ڈیجیٹل آلات ضبط کئے گئے ۔گرفتار کئے گئے سات افراد سے پوچھ تاچھ جاری ہے ۔

شکیل

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کی انتظامیہ نے سماجی و اقتصادی طور پسماندہ کنبوں سے تعلق رکھنے والے ادارے میں زیر تعلیم طالب علموں کو مالی مدد فراہم کرنے کے لئے ایجوکیشن فنڈ قائم کیا ہے ۔

یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو ، جو کہ ان دنوں فرانس کے شہر پیرس میں ہیں ، نے وہاں سے اس فنڈ کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

------Prof Shakeel ---

کشمیر پولیس

عید الفطر کے مد نظر پولیس کے افسروں نے آج گاندربل میں کئی پولیس شہدا کے لواحقین کے گھر جاکر ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔

اس دوران شوپیان میں بھی پولیس کے اہتمام سے منعقدہ ایک تقریب میں پولیس شہدا کے لواحقین کی عزت افزائی کی گئی۔

جمونپولیس

پولیس نے منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جا ری رکھتے ہوئے جموں صوبے کے سانبہ ضلعے میں معصوم علی نامی ایک بدنام زمانہ ڈرگ سمگلر کی39لاکھ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے۔

اس دوران جموں ساوتھ زون پولیس نے قتل کے ایک معاملے میں ملوث ایک شخص کو گرفتار کیا۔

اطلاع

عوامی شکایات پر مبنی آکاشوانی نیوز سرینگرکے ہفتہ وار پروگرام” شہر شہر منظر“کا آج کا شمارہ جو صبح ساڑھے 9بجے نشر ہونا تھا ،آج رات 10بجے نشر کیاجائے گا۔

یہ تبدیلی ایک اہم نشریے کے پیش نظر فقط آج کے شمارے کیلئے ہوگی۔

مختار

وادی کے مختلف علاقونمیں پچھلے دو ایک روز سے ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشوں کاسلسلہ رک رک کر جاری ہے ۔ کئی بالائی علاقوں میں برف باری ہونے کی بھی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ابھرتی ہوئی موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگرکو بتایا ۔

------MUKHTAR-----

درجہ حرارت

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت9 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت5اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 35 منٹ اور

غروب آفتاب شام6 بجکر42منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.......................................

......................

...........